بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

# نقش رحمانی

شیخ برکت علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

پرنٹرز پریس شیر از نوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

راقم آثم فقیر اللہ خاں اختر نقاش کاتب وزیرآباد

وَلِسُلَیْمَانَ الرِّیْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ

الحمد للہ والمنتہ کہ دریں زمان فرخندہ وان سعادت اقتران نسخہ متبرکہ

# نقش رحمانی

یعنی

# مہر سلیمانی

حسب فرمائش شیخ برکت علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار

لاہور

مطبع علی پرنٹنگ پریس لاہور میں طبع شد

نے اپنے علمی پرنٹنگ پریس ہسپتال روڈ لاہور میں باہتمام ایم فیروزالدین پرنٹر

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ علیٰ رسولہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین اما بعد گنہگار امیدوار رحمت کردگار حافظ محمد شفیع خدمت میں شائقان اعمال و نقوش کے عرض رسان ہے کہ کمترین کو عرصہ دراز مدت مدید سے عملیات و تعویذات عجیبہ طلسمات غریبہ کے حاصل کرنیکا نہایت شوق تھا اور ہمیشہ اس فن کی کتاب کا متلاشی رہتا تھا۔ اکثر عمدہ کتابیں اس فن کی بہم پہنچائیں اور ہر کتاب میں سے اچھی اچھی چیزیں منتخب کر کے لکھتا رہا اور حتی الوسع تجربہ بھی کیا نتیجہ فی الحال ایک کتاب موسومہ بہ نقش رحمانی میرے ہاتھ لگی۔ اس میں بخلاف اور کتابوں کی اکثر تعویذوں کی ترکیب غلط پائی۔ اور بعض امور صحیح بھی دیکھے لہذا ارادہ ہوا کہ اگر ایک کتاب علیحدہ طور جو کچھ میں نے جمع کیا ہے اور جو اس کتاب میں غلطیاں رہ گئیں ہیں صحیح کر کے سنائی جائیں تو خالی از منفعت قارئین نہ ہو لہذا میں نے اپنی معلومات کے موافق لکھنا شروع کیا اور نام اسکا نقش رحمانی موسومہ مصر سلیمانی رکھا اور چند بابوں کے منقسم کیا۔ باب پہلا قواعد کلیہ کے بیان میں اور اس میں چند فصلیں ہیں فصل پہلی قواعد نقوش ترکیب اعمال میں۔ واضح ہو کہ اکثر لوگ جو کسی مطلب کے واسطے نقش لکھنے یا عمل پڑھنے میں کوشش کرتے ہیں اور وہ مطلب نہیں حاصل ہوتا تو وہ لوگ یا تو نقش کو جھوٹا کہتے ہیں یا لکھنے والے کو یا بتلانے والے کو گالیاں دیتے ہیں اور بالکل بے اعتقاد ہو جاتے ہیں مگر یہ نہیں جانتے کہ کہیں کلام الٰہی بھی جھوٹا ہوتا ہے۔ اور لکھنے والے یا بتلانے والے کا کیا قصور ہے جیسا کہ کسی سے اسکو پہنچا ویسا ہی اس نے بتلا دیا یا فائدہ عام سمجھکر کتاب میں درج کر دیا ہے۔ رہی تاثیر وہ خدا کے اختیار ہے عملیات و تعویذات تو صرف ایک حیلہ ہوتا ہے جو خدا چاہتا ہے وہ ہوتا ہے۔ مگر یہ ضرور ہے کہ جیسا کہ ہر ایک ترکیب کو دخل ہے ویسا ہی اعمال و نقوش میں ساعات کواکب و درج و ترکیب نوشت و خواند عجیب تاثیر حاصل ہے پس جو عمل یا تعویذ اگر اسکے اوقات معینہ پر ترکیب سے پڑھا لکھا جائیگا تو بیشک مطلب حاصل ہوگا۔ اور اگر اس کی ترکیب میں کسی طرح کا قصور رہ جائے یا بے اعتدالی واقع ہوگئی تو کچھ ظہور نہ ہوگا۔ لہذا اول ہم قاعدہ کلیہ نوشت و خواند عملیات و نقوش

کا لکھنے ہیں پس عامل کو ضروری ہے کہ پہلے ان قاعدوں پر نظر کرے بعدہٗ اُس کا عمل کرے قاعدہ
عمل پڑھنے یا تعویذ لکھنے کے وقت کوئی وسواس شیطانی ذہن میں لاوے اور مطلب کا خیال رکھے۔ ایام
عمل میں گوشت گاو مچھلی انڈا پیاز لہسن ہینگ وغیرہ کھانے سے پرہیز کرے روز شروع عمل کا
عروج ماہ خصوصیت محبت کیواسطے نوچندی جمعرات عداوت کیواسطے زوال ماہ منگل کا دن بہتر ہے
تعین وقت و مکان کا ضرور رہاتا ہے۔ اور عمل پڑھنے سے پیشتر ہر روز سورہ فاتحہ و آیۃ الکرسی اور
چاروں قل تین تین بار پڑھکر کلمہ کی انگلی پہ پھونکے اور اپنے گرد حصار کھینچے بعدہٗ عمل کرے **فصل ۲**
باراں برجوں کے بیان میں۔ **حمل**۔ ہندی میکھ ماہ بساکھ کو کہتے ہیں بصورت مینڈھی کی دو شاخ رکھتا ہے
سر اسکا بجانب مغرب اور دم مشرق کی طرف ہے اور پشت شمال اور پا بجنوب اور پیچھے پھرا ہوا۔ کہ گویا
کسی چیز کو دیکھتا ہے خانہ مریخ مشرقی سرخ وبال زہرہ شرف آفتاب ۱۹ درجہ ہبوط زحل مذکر منقلب موکل اسکا
اماتیل حروف ا ع ی ل۔ **ثور**۔ ہندی برکھ ماہ جیٹھ کو کہتے ہیں بصورت گاو سر اسکا بجانب مشرق دم طرف
مغرب خانہ زہرہ جنوبی خاکی سپید وبال مریخ شرف قمر ۳ درجہ پر مؤنث ثابت موکل حزرائیل حروف
ب۔ **جوزا**۔ ہندی مِتھن ماہ اساڑھ کو کہتے ہیں بشکل دو لڑکے برہنہ باہم ملے ہوئے کہ سر بجانب
شمال اور مشرق اور پاؤں اسکے طرف جنوب اور مغرب کی خانہ عطارد غربی بادی زرد وبال مشتری شرف
راس ہبوط ذنب مذکر ذو جسدین موکل اسرائیل حروف ف ک۔ **سرطان**۔ ہندی کرک ماہ ساون کو
کہتے ہیں بصورت جانور دریائی ہندی کنکڑا اور کنگنا ہے خانہ قمر شمالی آبی سپید وبال زحل مشتری ہبوط
مریخ منقلب موکل اور نقائیل حروف ح ہ۔ **اسد** ہندی سنگھ ماہ بھادوں کو کہتے ہیں بشکل جانور صحرائی کہ ندی
میں اسکو شیر کہتے ہیں خانہ شمس مشرقی آتشی سرخ وبال زحل مذکر ثابت موکل حرکائیل حروف م۔ ت
**سنبلہ**۔ ہندی کنیاں ماہ کنوار یعنی آسن کو کہتے ہیں بصورت دختر کی ہے دامن لگائے ہوئے سر اسکا طرف
مغرب دم شمال پیر اسکے بجانب مشرق و جنوب بائیاں ہاتھ لٹکائی ہوئی اور دوسرا ہاتھ برابر کاندھے کے اُٹھائے
ہوئے اور اسی ہاتھ میں ڈالی کسی شجر کی لئے ہوئی خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز بعضے سیاہ وبال مشتری شرف
عطارد ہبوط زہرہ مؤنث ذو جسدین موکل اسمعیل حروف ب ث۔ **میزان** ہندی ماہ کاتک کو کہتے ہیں بصورت
ترازو کے ہے خانہ زہرہ غربی بادی سپید وبال مریخ شرف زحل ہبوط آفتاب مذکر موکل ہمسم الحائیل
حروف ر ت د۔ **عقرب**۔ ہندی برچھک ماہ اگھن کو کہتے ہیں بصورت بچھو کی خانہ مریخ شمالی

آبی سرخ بال زہرہ مونث ثابت موکل سلضائیل حروف ل۔ن۔ط۔ض۔ز۔د۔ **قوس**
ہندی دھن ماہ پوس کو کہتے ہیں بصورت انکمر دکی تیر وکمان ہاتھ میں لئے ہوئے **خانہ مشتری**
ناری آتشی
شرقی زرد وبال عطارد شرف ذنب ہبوط راس مذکر ذوجسدین موکل سلخائیل حروف ف **جدی**
ہندی مکر ماہ ماگھ کو کہتے ہیں بصورت بکری کے ہے خانہ زحل جنوبی خاکی سیاہ وبال قمر شرف مریخ ہبوط
مشتری مونث منقلب موکل اسمعیل کار حروف فدعع **دولو**۔ ہندی کنبہ ماہ پھاگن کو کہتے ہیں بشکل
انکمر دکی ہے کہ ڈول ہاتھ میں لیکر بڑھاکر کے پانی زمین پر گراتا ہے خانہ زحل غربی بادی قمر زرد وبال آفتاب
مذکر ثابت موکل فازائیل حروف س ش ص شدع **حوت**۔ ہندی ماہ چیت کو کہتے ہیں بصورت
دو مچھلیوں کے ملی ہوئی کی ہے خانہ مشتری شمالی آبی سرخ وبال ہبوط عطارد شرف زہرہ مونث ذوجسدین
موکل نغرائیل حروف ق۔ **فصل تیسری ستاروں کی کیفیت میں قمر** فارسی ماہ ہندی چاندا ورچندر
ماں اور سوم بصورت مرد دراز قد دونوں ہاتھ کانوں پر رکھے ہوئے ایک ہاتھ گرد چہرہ رنگ
سبز سرخ دیگ یعنے آبی فلک عامل روز دوشنبہ موکل جبرائیل اقلیم ہفتم۔ **عطارد** فارسی
تیر ہندی بدھ بصورت پیر مرد دراز ریش ہاتھ میں قلم زانو پر کاغذ رکھے ہوئے گویا کوئی چیز
لکھتا ہے۔ رنگ فیروزی فلک دوم عامل روز چہارشنبہ موکل اسمعیل اقلیم دوم **زہرہ**
فارسی ناہید ہندی سکر بصورت عورت ہاتھ میں کوئی باجہ لئے ہوئے رنگ سپید فلک سوم
روز جمعہ موکل اسمعون اقلیم سوم **شمس** فارسی خورشید ہندی سورج دایاں
بشکل مرد میانہ قد ہالہ گرد چہرہ داہنے اور بائیں صورت شیر دونوں ہاتھ اوپر رکھے ہوئے
رنگ طلائی فلک چہارم عامل روز یکشنبہ موکل نعائیل اقلیم چہارم۔ **مریخ** فارسی
بہرام ہندی بصورت مرد لشکری ایک ہاتھ میں تلوار دوسرے ہاتھ میں سر کٹا لئے
ہوئے رنگ سرخ فلک پنجم۔ **مشتری** فارسی برجیس ہندی برہسپت بشکل مرد پیر ہاتھ میں
کتاب لئے ہوئے رنگ زرد زمرد یعنی صندلی عامل روز پنجشنبہ اوصل صندلی فلک ششم
عامل روز پنجشنبہ موکل میکائیل اقلیم ششم **زحل**۔ فارسی کیوان ہندی سنیچر بصورت
مرد دراز بال چھ ہاتھ دو ہاتھوں میں عصا پیچھے گدھے کے لگائے ہوئے اور دو ہاتھ
میں کدالی بیچے کی لئے ہوئے اور دو ہاتھوں میں چوہے کی دم لیے ہوئے رنگ سیاہ

فلک ہفتم عامل
موکل ازفائیل

روز شنبہ
اقلیم ہفتم




## فصل ۴ ستاروں کی ساعت معلوم کرنیکے بیان میں

واضح ہو کہ ہر سیارہ کی ساعت ایک گھنٹہ کی ہوتی ہے اور شروع ساعت کا سورج نکلنے کیوقت سے شمار کیا جاتا ہے۔ مثلاً روز شنبہ کو سورج نکلنے کیوقت زحل کی ساعت ہے اور اُس کا عمل ایک گھنٹہ تک رہیگا بعد ایک گھنٹہ کے مشتری کی ساعت شروع ہو جائیگی اسی طرح ایک ایک گھنٹہ کے بعد ستاروں کی ساعت شمار کیجائیگی حتیٰ کہ دوسرے دن تک سورج نکلنے کے وقت مشتری کی ساعت آجائے گی جدول ساعتوں کے ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

## جدول ساعت نامہ سبعہ سیارہ

| | پاس اول | | | پاس دوم | | | پاس سوم | | | پاس چہارم | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شب در روز | ساعت ۱ | ساعت ۲ | ساعت ۳ | ساعت ۴ | ساعت ۵ | ساعت ۶ | ساعت ۷ | ساعت ۸ | ساعت ۹ | ساعت ۱۰ | ساعت ۱۱ | ساعت ۱۲ |
| شب شنبہ | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | زہرہ | مشتری | مریخ | شمس | عطارد | قمر |
| روز شنبہ | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ |
| شب یکشنبہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ |
| روز یکشنبہ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرو | عطارد | قمر | زحل |
| شب دوشنبہ | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد |

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روز دوشنبہ | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس |
| شب سہ شنبہ | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | قمر | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |
| روز سہ شنبہ | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | قمر | زہرہ | عطارد | شمس |
| شب چہارشنبہ | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | قمر | عطارد | قمر | زحل | زہرہ | مشتری | مریخ |
| روز چہارشنبہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | زحل | مشتری | مریخ | قمر | زہرہ | عطارد | قمر | زہرہ |
| شب پنجشنبہ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زہرہ |
| روز پنجشنبہ | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد |
| شب جمعہ | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس |
| روز جمعہ | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |

**فصل ۵** سعد و نحس ستاروں کے بیان میں اور تعویذ لکھنے کے اوقات میں **مشتری** سعد اکبر ہے اس کی ساعت میں محبت اور حاضر ہونے غائب و دفع بیماری کیواسطے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا مفید ہے **زہرہ**۔ سعد اصغر ہے زبان بندی و خواب بندی کیواسطے زہرہ کی ساعت میں نیک ہے۔ **عطارد**۔ مشترک ہے اسکے ساعت میں تعویذ محبت و زبان بندی اور خواب بندی و تیغ بندی وغیرہ لکھنا چاہیئے۔ **شمس** سعد ہے اسکے ساعت میں بھی تعویذ محبت و صحت امراض لکھنا چاہیے۔ **قمر** کو بھی سعد کہتے ہیں اسکی ساعت میں بھی تعویذ محبت اور اخلاص و شفائے امراض لکھتے ہیں۔ **زحل** نحس اکبر ہے اسمیں ہلاکی اعدا لکھنا چاہیئے۔ **مریخ**۔ نحس اصغر ہے اس کی ساعت میں تعویذ عداوت اور ہلاکی دشمن کیلئے لکھے۔ طالب کو چاہیئے کہ وقت سعد کے کام کرے اور وقت نحس کے کوئی کام دنیاوی نہ کرے انجام کو پہنچیگا۔ نیک ساعت میں جو کام ہوگا انشاء اللہ اچھا انجام ہوگا

**فصل ۹**۔ بخورات کواکب کے بیان میں منقول از جواہر اور خمس کواکب کی ساعت میں تعویذ لکھے اسوقت مفصلہ ذیل کی دھونی دی کردہ نقشہ یہ ہے۔

**فصل** ایام تاریخہا سعد و نحس قمر و عقرب کے بیان میں و ضیم کہ عاملوں نے ہر کام کیواسطے عمل پڑھنے اور لکھنے کو دن مہینے کی علیحدہ علیحدہ مقرر کئے ہیں چنانچہ ہر ماہ کی اول عشرہ میں کتابت روشن کیواسطے عمل بہت مبارک ہے

| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | اشیا کلورات |
|---|---|---|---|---|
| شمس | عود مشک | مشتری | | خود نگ کافور صندل سرخ شکر |
| قمر | کافور شہد | زہرہ | | عود مشک صندل سفید کافور سپید |
| زحل | بان ولاس | عطارد | | عود۔ کافور صندل سفید قرنفل |
| مریخ | طر نعل۔ | | | |

دوسرے عشرہ میں محبت و تسخیر کیواسطے تیسرے عشرہ میں عداوت کیواسطے دوشنبہ کو کشایش رزق و تسخیر و شفا مریض کیواسطے پنجشنبہ و جمعہ کو محبت و ترقی دولت کیواسطے و یوم یکشنبہ و دوشنبہ کو بلاکی کیواسطے اور صرف یکشنبہ و چہارشنبہ کو زبان بندی وغیرہ کیلئے مفید ہے۔ اور تاریخہا سعد و نحس اس سے معلوم کرنا چاہیے ابیات هفت روز نحس باشند ہر مہی :: زو حذر کن تا نیابی ہیچ رنج :: شش و سیزده با شانزده :: بست و بست و یک با بست و چار و بست پنج حضرت علی سے روایت ہے کہ عامل ان دنوں میں کوئی کام نہ کرے۔ ورنہ انجام نہ پہنچیگا۔ اور ہر کام جدید میں قمر و عقرب کا دھیان رکھے۔ کسی شاعر نے اس حساب کو منظوم کیا ہے مؤلف نقش سلیمانی نے بھی لکھا ہے۔ **ابیات عقرب** اندر ہر مہی ہم روز آر و گران :: ہر کہ کارے نو کند بیند در و خطر و زیان :: بازده اندر اساڑه و ہشت اندر ساون ہست یکشنش بہادوں سہ بہ آسن یک لکا کیا امتحان :: بست و یک آید بہ کاتک بست و شش آید بہ پوس :: بست و سہ در ماگھ آید بست یک پھاگن بدان تیرده اندر چیت بست شانزده بیساکھ گیر :: سیزده اندر جیٹھ گیر این مسئلہ بدان

**فصل ۸** عدد و مزاج و تعلقات سبعہ سیارہ حروف ابجد کے بیان میں۔ واضح ہو کہ حساب ابجد بھی معلوم کرنا ضروریات سے ہے پس معلوم ہوا کہ ابجد کے سات کلمہ ہیں اور ہر کلمہ چار حرفی ہے۔ اور سبعہ سیارہ سے متعلق ہے۔ اور اس میں سات حرف آتشی اور سات بادی اور سات آبی اور سات خاکی ہیں پس جو حرف آدمی کے نام میں اول آئے ہوا اسے حروف کے متعلق سیارہ کا بخور جلائے اور نقشہ ابجد حسب ذیل ہے۔

| سیارہ سبعہ | ابجد زحل | ہوزح مشتری | طیکل مریخ | منسع شمس | فصقر زہرہ | شتثخ عطارد | ذضظغ قمر |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| آتشی | ا ۱ | ہ ۵ | ط ۹ | م ۴۰ | ف ۸۰ | ش ۳۰۰ | ذ ۷۰۰ |
| بادی | ب ۲ | و ۶ | ی ۱۰ | ن ۵۰ | ص ۹۰ | ت ۴۰۰ | ض ۸۰۰ |
| آبی | ج ۳ | ز ۷ | ک ۲۰ | س ۶۰ | ق ۱۰۰ | ث ۵۰۰ | ظ ۹۰۰ |
| خاکی | د ۴ | ح ۸ | ل ۳۰ | ع ۷۰ | ر ۲۰۰ | خ ۶۰۰ | غ ۱۰۰۰ |

**فصل ۹**۔ زکوٰۃ حروف تہجی کے بیان میں عامل کو چاہیے کہ اول حروف تہجی کی زکوٰۃ دے بعدہٗ عمل پڑھے ترکیب کا اگرچہ بہت طریق ہیں مگر ہم ایک آسان طریقہ بامؤکل حروف تہجی کا ذیل میں لکھتے ہیں الف سے لیکر نک ایکحرف کو ہر روز چار ہزار چار سو چالیس بار اٹھائیس روز تک پڑھے اور جب کوئی مشکل آئے تو کوئی حروف ۸ مرتبہ ایک مجلس میں بیٹھکر پڑھے خدا چاہے تو مشکل رفع ہو جائے حروف تہجی بامؤکل یہ ہیں بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اسرافیل بحق یا جبرائیل بحق با یا عزرائیل بحق یا ت یا میکائیل بحق یا ث یا کلکائیل بحق یا ج یا کفیل بحق یا ح یا سکائیل بحق یا خ یا دردائیل بحق یا د یا اہراطیل بحق یا ذ یا موائیل

بحق یار یاشرفائیل بحق یاز یاتمرائیل بحق یاس یاہموائیل بحق یاش یا احمیائیل بحق یاص یاعطعطائیل بحق
یاض یاسمعیل۔ بحق یاط یالنائیل بحق یاظ یاسرائیل بحق یاع یاانحائیل بحق یاغ یاسرحائیل بحق یاف
یاعطرائیل بحق یاق یاجوزائیل بحق یاک یاطاطائیل بحق یال یاروائیل بحق یام یامرائیل بحق یان یاذائیل
بحق یاو یادردائیل بحق یاہ یاسمحطائیل۔ بحق یائے۔ فصل ۱ اقسام نقوش میں واضح ہو کہ تعویذ چار
قسم کا ہوتا ہے۔ خاکی۔ آتشی۔ بادی۔ آبی۔ خاکی وہ ہے جو کہ نیچے چوکھٹ یا راستہ یا چوراہا یا
گورستان یا بیمار کے دفن کرے واسطے ہلاکت عدو یا دشمنی وغیرہ کے۔ آتشی اسکو کہتے ہیں کہ کاغذ یا سفال
آب نارسیدہ یا جس چیز پر لکھیں آگ میں ڈالدے یا قریب تنور یا چولھے کے دفن کر دے واسطے خواب بندی
وغیرہ کے ہو۔ بادی اسکو کہتے ہیں کہ تعویذ لکھکر درخت یا کسی بلند جگہ پر لٹکا دیں تاکہ ہوا میں ہلے محبت
وغیرہ کیواسطے۔ آبی وہ ہے کہ تعویذ لکھکر کسی دریا یا کنوئیں یا ہانڈی میں ڈالدے واسطے رہائی بند یا تسخیر کے
فصل ۱ الترا کیب نوشت تعویذات میں جو شخص تعویذ لکھے ساعات مذکورہ ذیل میں قلم نہ اٹھاوے ساعت عطارد میں
واسطے زبان بندی خواب بندی کے ساعت زحل میں واسطے دشمنی جدائی کے قمر میں واسطے محبت کے مشتری میں واسطے ترقی
بندش کے اور اوقات تعویذ لکھنے کے یہ ہیں وقت صبح تعویذ محبت اور ترقی رزق وقت نیم چاشت تعویذ بیماری
وقت ظہر تعویذ عداوت درمیان ظہر و عصر تعویذ زبان بندی بعد وقت نماز عشا تعویذ خواب بندی۔
فصل ۲ نقش لکھنے اور اسکے سیاہی کے بیان میں آبی نقش کو سیاہی سے لکھے اور آتشی نقش سینی کافور
تیلیہ سے اور خاکی نقش گندھک سے اور بادی صندل سرخ سے اور تعویذ ہر نقش کا سب آسان و عمدہ طریقہ یہ ہے
کہ دشمنی کیواسطے ۸ کی سندسہ سے لکھی اگر عقیمہ عورت کی اولاد ہونیکے واسطے لکھے تو بلاوس عورت کیواسطے لکھے جسکے لڑکی
ہو ہو کر مرجاتی ہیں تو ۱ کے سندسہ سے لکھے اگر کسی کو فریفتہ کرنے یا قابو میں لانے یا فائدہ ہونیکے واسطے لکھنے
۹ کے سندسہ سے لکھے اگر کسکو بیماری ہوئی یا مرجانی یا اور ہر کام کیواسطے لکھے تو ۹ کے سندسہ سے لکھے اگر کسیکے ملانے
یا اور کسی کام کیواسطے لکھے تو ۵ کی سندسہ سے لکھے اگر لڑائی کیواسطے لکھے تو ۹ کے سندسہ سے لکھے اگر سرستی
یا الجھی یا دیونے کے خوش ہونیکے واسطے لکھے تو ۳ کے سندسہ سے لکھی ہتھیار سدہ کرنے تجارت یا روزگار
یا شادی یا کھیتی کیواسطے لکھے تو ۲ کے سندسہ سے لکھے اور یاد رہے کہ ان کل کاموں کیواسطے نقش لکھنے
کی تعداد ایک ایک لاکھ ہے تب زکوٰۃ پوری ہوتی ہے فصل ۳ مثلث پر کرنیکی ترکیب میں اگر کسی کو
کسی اسم یا آیت کا نقش مثلث میں پر کرنا منظور ہو تو اول اس اسم کے اعداد کالے اور کل عدد ان

میں سے ۱۲ اعداد دور کر کے باقی کو ۳ پر تقسیم کرے جو حاصل بچے اسکو ایک خانہ میں لکھے بعدہٗ ایک ایک زیادہ کر کرکے کل خانہ پُری کرے مثلاً جواکی ۱۵ اعداد ہوتی ہیں ۱۲ اوس میں دور کیے تین باقی رہے ۳ پر تقسیم کیا ایک حاصل ہو پس اس طریق پر لکھنا شروع کرو کہ پہلا عدد جہاں لکھا اوسی شطرنج کے گھوڑے کی چال پر جو خانہ ہو وہاں دوسرا لکھے اور تیسرا عدد اوسی خانہ میں لکھے جو دوسرے گھوڑے کی چال پر ہو اور چوتھا عدد اوسی خانہ میں لکھے جو تیسرے رخ کی چال پر ہو اور پانچویں عدد اوسی خانہ میں لکھے جو چوتھی سے فرزین کی چال پر ہو اور چھٹا اوسی خانہ میں ہو جو ساتویں سے گھوڑے کی چال پر ہو اور ناواں اوسی خانہ میں لکھے جو آٹھویں سے پھر گھوڑے کی چال پر ہو پس مثلث کے کل گھر پورے ہو گئے مثلاً مثلث میں جبتک بعد ۳ گھٹانے کے اعداد تین پر منقسم ہو پھر نہیں جاتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| ۸ اسپ | ۱ | ۶ فرزین |
| ۳ اسپ | ۵ فرزین | ۷ رخ |
| ۴ رخ | ۹ اسپ | ۲ اسپ |

شعر۔ مثلث دو اسپ دو رخ دو فرزیں باز رخ گیر۔ اسپ آخر مثلث راست تصویر۔ ایک کتاب معتبر میں نقش مثلث آتشی بادی و آبی خاکی اور انکی تصویر وغیرہ کی بھرنے کا طریقہ یوں لکھا ہے کہ آتشی کو پہلے خانہ شروع کرے اور کسر اعداد و نہ ۷۔ ۱ اور ۲ کو چار میں اور بادی کو خانہ چار سے بھرے اور کسر ۷ ۳ میں اور کسر خانہ ۱۔۲ سے میں بھری اور آبی خانہ ۶ سے لکھے کسر ۶۔۴ میں اور کسر ۳ میں اور خاکی خانہ سے سعد ۲ ہے اور دوسرے میں بھرے مثلث پورا ہوگا۔ **فصل ۱۴** نقش مربع بھرنے کی ترکیب میں کل اعداد میں سے ۳۲ عدد دور کر کر باقی چار پر تقسیم کرے حاصل قسمت اول خانہ سے شروع کرکے کل خانہ تمام کرے مثلاً اس کے ۳۴ عدد ہوتی ہیں ۳۲ اسمیں دور کیے ۲ باقی رہی اسکو چار پر تقسیم کیا تو ایک حاصل ہوا اسمیں ایک کو کسی خانہ میں لکھے بعد ایکے دوسرا عدد اوسی خانہ میں لکھا جو گھوڑے کی چال پر ہو۔ اور تیسرا اوسی خانہ میں لکھا جو دوسرے سے فرزین کی چال ہو اور چوتھا اوس خانہ میں جو تیسرے سے اسپ چال ہو اور پانچواں اوس خانہ میں جو چوتھے سے رخ کی چال ہو اور چھٹا اوس خانہ میں جو پانچویں سے اسپ کی چال ہو اور ساتواں اوس خانہ میں جو چھٹے سے فرزین کی چال ہو۔ اور آٹھواں اوس خانہ میں جو ساتویں سے اسپ کی چال ہو۔ اور نواں اوس خانہ میں جو آٹھویں سے فیل کی چال پر ہو۔ مگر ایسے طریق پر کہ اور عددوں کے فیل کی چال منزہ نہ ہو۔ اور دسواں اسی خانہ سے جو ناویں سے فیل کی چال ہو۔ اور گیارہواں اوس خانہ میں جو چھٹے سے فیل

| آتشی | | | بادی | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ | ۸ | ۳ | ۴ |
| ۳ | ۵ | ۷ | ۶ | ۷ | ۲ |
| ۴ | ۹ | ۲ | ۶ | ۱ | ۹ |
| آبی | | | خاکی | | |
| ۴ | ۳ | ۸ | ۲ | ۱ | ۱ |
| ۹ | ۵ | ۱ | ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۷ | ۶ | ۶ | ۱ | ۸ |

کی چال ہو اور بارہواں اوس خانہ میں جو پانچویں سے فیل کی چال اور تیرہواں اوس خانہ میں جو چھٹی
سے فیل کی چال ہو اور چودھواں اوس خانہ میں جو تیسرے سے فیل کی چال ہو اور پندرہواں اوس
اوس خانہ میں جو دوسرے سے فیل کی چال ہو۔ اور سولھواں اوس خانہ میں جو پہلے سے فیل کی چال
میں کل خانہ نقش کے بھر جاوینگے۔ اور اگر بعد تقسیم کی ایک عدد بچے جیسے مثلاً کل ۳۴ بتیس ہوں تو
تین کم کرینگے بعدہٗ پانچ بچے پانچ کو چار پر تقسیم کیا تو ایک ایک حصہ ایک اور بچا سب بھی ایک
حصہ کسی خانہ میں لکھے اور لکھتا چلا آوے جب تیرہویں خانہ تک پہنچے تو اوس میں ایک اور
عدد بڑھا دیوے اور اگر دو عدد بعد تقسیم کے بچے ہوں تو نویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کرکے رکھو اور تین
بچے ہوں تو پانچویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کرکے
لکھے نقش پورا بھر جائیگا مثال یہ ہے

| پہلی مثال اسکی جو بعد تقسیم کچھ نہ بچے | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | الاکابیل | کاریں | اسپ |
| اکابیل | فرزین | اسپ | کابیل |
| اسپ | اکابیل | اکابیل | فرزین |
| اکابیل | اسپ | رخ | کابیل |

| مثال دوسری جو بعد تقسیم عدد بچے ۲ | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۵ | ۱۱۰ | ۱۰ |
| ۱۰ | ۷ | ۲ | خانہ خالی |
| ۶ | ۹ | ۱۴ | ۳ |
| ۶ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

| مثال جب تقسیم بچیں ۴ | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۵ | ۱۲ | ۸ |
| ۷ | ۷ | ۲ | ۱۴ |
| ۸ | ۱۱ | ۱۷ | ۳ |
| ۹ | ۴ | ۵ | ۱۱ |

| مثال ۳ اسکی کہ بعد تقسیم بچیں ۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۵ | ۱۲ | ۹ |
| ۱۲ | ۱۸ | ۲ | ۱۴ |
| ۷ | ۱۰ | ۱۷ | ۴ |
| ۱۶ | ۱۴ | خطم ہی | ۱۱ |

باب عملیات کے بیان میں اور اس میں بھی چند فصول
ہیں۔ **فصل** پہلی عملیات قضاء حاجت و برآمدی
مقاصد کے بیان میں جب کسی کو کوئی مہم درپیش
ہو تو یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور ہر روز بعد
نماز عشا کی ایکہزار ایک دفعہ تسمیہ پڑھے اور اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے ۴۱ دن نہ گذرنے پائیں
کہ مقصد حل ہو جائیگا عمل یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم استعنت باللہ العلی العظیم توکلت علی الحی القیوم۔ دیگر
فرید حضرت شیخ بہاؤالدین عاشق نے فرمایا کہ جو کوئی اس دعا کو بعد نماز عشا کی ۴۱ بار ہر روز پڑھ لیا کرے
اور مطلب کی جناب باری تعالیٰ دعا مانگا کرے خدا چاہے تو کوئی کام نہ اٹکے دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم الذی العظیم
بزل سبحان العظیم الذی لا یعجل سبحان الجواد الذی لا یبخل سبحان الحلیم الذی لا یعجل برحمتک یا ارحم الراحمین
دیگر آیہ کریمہ کو واسطے انجاح مہم کے بعد عشا ہر روز گیارہ سو بار پڑھے ہر بار اپنا امر کہتا جائے خدا چاہے تو
ایک ہفتہ میں امر حاصل ہو جائیگا آیہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا حی یا قیوم بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت
من الظالمین۔ دیگر یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع ہر روز گیارہ سو بار پڑھے اور اول آخر درود شریف سو بار
پڑھے ۱۲ روز میں مقصد حل ہووے۔ دیگر برآمد حاجات کے واسطے نوچندی جمعرات کو اول غسل کرے اور پاکیزہ کپڑے پہنکر بعد
نماز شام کے زیر آسمان ہر جانب نظر کرکے کھڑا ہو اور ایکہزار بار ہر روز یہ درود پڑھے خدا چاہے تو ایک

ماہ گذرنے نہ پاویگا کہ مرام حاصل ہو جائیگی درود شریف یہ ہے اللھم صل علی سیدنا محمد صلوۃ تنجینا بہا من جمیع الاھوال
والآفات وتقضی لنا بہا جمیع الحاجات وتطہرنا بہا من جمیع السیئات وترفعنا بہا عندک اعلی الدرجات وتبلغنا بہا اقصی
الغایات من جمیع الخیرات فی الحیوۃ وبعد الممات **ایضاً** ترکیب ختم خواجگان نقشبندیہ کہ معمول ہے جو کوئی
اس ختم کو ہمیشہ بعد نماز ظہر یا دا ہو بیر یا تسبیح پر ایک آدمی یا کئی آدمی ملکر پڑھا کریں تو کوئی مشکل آڑے نہ رہے ترکیب
اسکی یہ ہے کہ اول قدر شیرینی لیکر الحمد ایکبار اور قل ہو اللہ ۳ بار پڑھکر ثواب اسکا خواجگان کو بخشے پھر الحمد ۷ بار
اور درود شریف ۱۰۰ بار اور الم نشرح ۷۰ بار یا ۷۹ بار قل ہو اللہ ایکہزار اور ایکبار پھر درود ۱۰۰ بار پھر سورے کے سوا درود
کے مع تسمیہ پڑھے اور لوبان وغیرہ جلاوے اور بعدہٗ ان اسماء سے ہر ایک اسم کو ایکسو بار پڑھے یا قاضی الحاجات یا کافی المہمات
یا دافع البلیات یا مفتح الابواب یا شافی الامراض یا حل المشکلات یا مسبب الاسباب یا مجیب الدعوات یا ارحم الراحمین۔
**ایضاً** کئی آدمی ملکر سوا لکھ بار ایک مجلس میں آیہ کریمہ امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء پڑھیں تمام کریں
خدا چاہے مرام حاصل ہو جائے **ایضاً** واسطے دیگر حاجات کے ختم سورہ یسین کا مجرب ہے ترکیب اسکی یہ ہے کہ ایک وقت مسجد
میں بیٹھکے آدمی ۴۱ مرتبہ ہر روز سورہ یس معہ اول آخر سو بار درود شریف ستارہ روز تک پڑھیں تو مراد حاصل ہو جائے
**فصل دوسرے** اعمال محبت کی بیان میں واسطے تابعدار کرنے معشوق کی یہ آیہ کریمہ مشک و زعفران سے کاغذ پر لکھے اور زمین
دو روز گلاب میں دھو کر مطلوب کو پلاوے خدا چاہے مطلب حاصل ہو آیہ کریمہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم **دیگر** سرسوں پر یہ عزیمت
۱۴ بار پڑھکر محبوب کے مکان میں ڈالدے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا معشر الجن والانس قال ہذا رحمۃ ربی فاذا جاء
وعد ربی جعلہ دکا **ایضاً** جو کوئی اس آیہ کو ایکہزار بار روغن چنبیلی پر دم کرکے اپنے سر میں ملے اور بدن و منہ پر
ملکر چلے تو ہر دو جہان میں وہ عزیز ہو جائے آیہ یہ ہے واللہ المستعان علی ما تصفون **دیگر** واسطے بانہی محبت کے یہ آیہ کا
غذ پر لکھکر مطلوب کے چوکھٹ میں رکھکر دفن کرے خدا چاہے دوست جانی ہو جاوے آیہ یہ ہے صم بکم عمی فہم لا یرجعون صم بکم عمی فہم لا یعقلون
صم بکم عمی فہم لا یسمعون برحمتک یا ارحم الراحمین **دیگر** یا عطوف و بعطوف اللسان اعطف علی قلب فلاں بن فلاں
علی حب فلاں بن فلاں برحمتک یا ارحم الراحمین یہ ترکیب ہے کہ معشوق کے مکان کیطرف منہ کرکے ایکہزار مرتبہ ورد اسکا پڑھے
۲۱ روز تک نہ بدلے پائے کہ مطلوب حاضر ہو جائیگا۔ **دیگر** یحبونہم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ لحب فلاں بن فلاں
علی حب فلاں بن فلاں گیارہ سو بار ہر روز پڑھے اور دلبر کا تصور کرے خدا چاہے تابعدار ہو **فصل ۳** اعمال عداوت
دنیا ہی دشمن میں آیہ رسمان بعث و نیکے مینجھ گیارہ بار پڑھے ہر روز اور بعد نماز تمام ہونیکے یہ دعا مانگے آیہ یہ ہے انسا بینہم
العداوۃ والبغضاء **دیگر** سورہ تبت کا عمل واسطے عداوت کے بہت مجرب ہے۔ ترکیب اسکی یہ ہے کہ مسان

کہنہ قبر کے دوپہر کے وقت یا نصف رات ہر روز پڑھے اور عمل اول روز منگل سے شروع کرے اور ۱۱ روز تک پڑھے اور بعد اختتام دعا مانگے کہ درمیان فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں کے عداوت قلبی ہو جاوے دیگر واسطے تباہی دشمن کے باسم ممیت نزدیک قبر کہنہ کے بیٹھکر ۱۱ روز تک نزوال کے وقت پڑھے اور دشمن کو جس بیماری کا تصور کرے اسی بیماری ہو جاوے گی یا اگر ہلاکت کا تصور کرے ہلاک ہو جاوے۔ اسم یہ ہے یا قاہر ذو البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاہر **فصل ۴ اعمال متفرقات** میں دفع یرقان کا عمل ایک کٹورہ کانسی میں آب زہ روغن سیاہ بھر کر مریض کی سامنے رکھے اور مریض منہ اس کٹورے میں رکھے اور عامل نیچے دونوں ہاتھوں میں دو سوئیاں قدرے ہری گھاس لیکر سات بار جھاڑے اور یہ منتر پڑھنا جاوے خدا چاہے تو سات روز میں یرقان جاتا رہے منتر یہ ہے قاضی المحمود اولا بہا کنو لاکنو آئے دودہ النا ایک ٹکی داسی نیدن باسی دیگر واسطے دفع نظر گفتار کے یہ آیت بعد نماز عشا کے ہر روز پڑھکر دم کیا کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انت الغفار دیک فیاضی فمن یطع عونی معاصی لا الغفار یا رب۔ دیگر دفع درد قیم سر آیۃ الکرسی چار قل آیہ لو انزلنا ہذا القران تا آخر سورہ بخواند شفا باید مجرب است دیگر سورہ الم نشرح واسطے درد سینہ و درد دل کے پڑھکر دم کرے درد دفع ہووے دیگر واسطے درد گردن اس آیہ کو لکھکر گردن پر باندھے صعب یا دوہ ہیرا انا جعلنا فی اعناقہم اغلالا فہی الی الاذقان فہم مقمحون دیگر جو لڑکا کالا ہو جاوے چاہئے کہ اس تعویذ کو لکھکر لڑکے کے گلے میں باندھے بحکم خدا شفا پاوے اور فربہ ہووے بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا رحمن یا رحیم یا ذالجلال والاکرام برحمتک یا ارحم الراحمین دیگر طریقہ زکوٰۃ اسماء حسنیٰ کی بیان میں جو کوئی اللہ کے نوے نام سے کسی نام کی زکوٰۃ دینا چاہے تو ہر روز ننانوے دن تک پڑھے اور اسی قدر رکھے اور آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالدیا کرے پھر جس مطلب کیواسطے پڑھے یا لکھے خدا چاہے وہ مطلب حل ہو جاوے اور گوشت انڈا مچھلی سے پرہیز کرے اور یہ جدول اسماء حسنیٰ کی حروف ابجد کے حساب سے درج کیجاتی ہے اس مختصر میں سب حال لکھا ہے وہ جدول یہ ہے

| حروف تہجی | اسمائے الٰہی | اعداد | معنے | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | اللہ | ۶۶ | خدا | جلالی | ۱۰۰۰ | مودت | گرم | عود سیاہ | حمل | شرطین | زحل | ابیروس | اسرافیل |
| ب | باقی | ۱۳ | ہمیشہ ہے | جمالی | ۱۰۰ | محبت | رطب | شکر | جوزا | بطین | مشتری | زنون | جبرائیل |
| ج | جامع | ۱۱۴ | جمع کرنیوالا | مشترک | ۷۰ | کثیف | یابس | دارچینی | سرطان | عقرہ | مریخ | دیوتش | کلکائیل |
| د | دیان | ۶۵ | حساب کرنیوالا | جلالی | ۴۷ | عداوت | بازد | صندل سرخ | ثور | دبران | شمس | طوش | دردائیل |
| ہ | ہادی | ۲۰ | راہ دکھانیوالا | جمالی | ۱۰۰ | عداوت | گرم | عنبر سیاہ | حمل | ہقعہ | زہرہ | برقش | روفائیل |

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| و | ولی | ۴۶ | دوست | جمالی | ۱۰۰ | محبت | رطب | کافور | جوزا | حنعہ | عطارد | بوبوش | اہمائیل |
| ز | زکی | ۳۷ | پاک کرنیوالا | مشترک | ۱۷ | محبت | خشک | شہد | سرطان | ذراع | قمر | کاوش | شرفائیل |
| ح | حق | ۲۸ | سزاوار | مشترک | ۳۰۰ | بغض | تر | زعفران | جدی | نثرہ | زحل | عیوش | شکفیل |
| ط | طاہر | ۲۱۵ | پاک کرنیوالا | جلالی | ۷۲ | عقد | گرم | مشک | حمل | طرفہ | مشتری | بدبوش | اسمائیل |
| ی | بیل | ۱۳۰ | بزرگ | جمالی | ۱۰۰۰ | فتح زحل | قمر | گلسرخ | میزان | جبہہ | مریخ | شہوش | سکائیل |
| ک | کافی | ۱۱۱ | کفایت والا | جمالی | ۲۰۰ | محبت | خشک | گلسپید | عقرب | زبرہ | شمس | حدیوش | حزبائیل |
| ل | لطیف | ۱۲۹ | باریک بیں | جمالی | ۷۲ | جدائی | سرد | پوست پستہ | ثور | صرفہ | زہرہ | عدیوش | طاطائیل |
| م | ملک | ۹۰ | بادشاہ حقیقی | جلالی | ۹۰ | محبت | گرم | آبی | اسد | عوا | عطارد | محبوش | روبائیل |
| ن | نون | ۳۵۲ | روشن کرنیوالا | جمالی | ۷۳ | بغض | تر | سنبلے | میزان | سماک | قمر | وطیروش | حولائیل |
| س | سمیع | ۱۸۰ | سننے والا | مشترک | ۵۰ | شہوت عفیف | بتنگ | مرکب خوشبو | قوس | غفر | زحل | لنبوش | ہمواکیل |
| ع | علی | ۱۱۰ | بلند مرتبہ | جلالی | ۲۰۰ | تونگری | سرد | فلفل سفید | جبہہ | زبانا | مشتری | قنوش | نوبائیل |
| ف | فتاح | ۴۸۹ | کھولنے والا | جمالی | ۷۲ | عداوت | گرم | جوزا | اسد | اکلیل | مریخ | لطیوش | سرپائیل |
| ص | صمد | ۱۳۴ | بے پروا | جلالی | ۷۳ | بغض | تر | لسان | میزان | قلب | شمس | فلانوش | الجائیل |
| ق | قادر | ۱۰۵ | قدرت والا | مشترک | ۵۰۰ | عقد شہوت | خشک | ترنج | حوت | شولہ | زہرہ | سمیوش | عطرائیل |
| ر | رب | ۲۰۲ | پروردگار | جلالی | ۴۰۰ | عداوت | سرد | گلاب | سنبل | نعائم | عطارد | رلوش | جوائیل |
| ش | شفیع | ۴۶۰ | شفاعت کرنیوالا | جلالی | ۱۰۰ | عداوت | گرم | عود سپید | عقرب | بلدہ | قمر | تشوش | جبرائیل |
| ت | تواب | ۴۰۹ | توبہ قبول کرنیوالا | جمالی | ۳۰۰ | عقد دوام | تر | عنبر | دلو | سعد الجز | زحل | بعلوش | عزرائیل |
| ث | ثابت | ۹۰۳ | قائم رہنے والا | جلالی | ۳۰۰ | بغض | خشک | عود سپید | حوت | سعد بلع | مشتری | طموش | میکائیل |
| خ | خالق | ۳۵ | پیدا کرنیوالا | مشترک | ۷۰ | محبت | معتدل سرد | بنفشہ | جدی | سعد السعود | مریخ | نوش | میکائیل |
| ذ | ذاکر | ۹۲۱ | یاد کرنیوالا | مشترک | ۷۹ | بغض | گرم | ریحان | قوس | ہانیہ | شمس | سبکابوش | ہرطائیل |
| ض | ضار | ۱۰۰۱ | ضرر کرنیوالا | جلالی | ۷۲ | بغض | گرم | مشک والا | دلو | مقدم | زہرہ | خانوش | عملکائیل |
| ظ | ظاہر | ۱۱۰۶ | آشکارا | جلالی | ۲۵ | عداوت | خشک | گل نسرین | حوت | موخر | عطارد | منوبوش | فربائیل |
| غ | غفور | ۱۲۸۶ | بخشنے والا | جمالی | ۲۰ | محبت | خشک | قرنفل | عواد | رشا | قمر | غفروش | نوحائیل |

دیگر خواص جیلکانی درا ایسکے پڑھنے اور زکوات دیگی ترکیب دل ضعر کرے و درعت تجرادا کرکے بعدہ دکاتو بیٹھکر گیارہ بارہ وزانو بیٹھکر گیارہ سپارہ یہ روز تک عہ گیارہ گیارہ بار اول آخر درود ہر روز پڑھے - اور وقت پڑھنے کے لوبان جلانا

۱۲ پورنعمہ ددد ادراکر اسکے اول پیتے

گوشت و لہسن پیاز و مچھلی وغیرہ سے پرہیز کرے جب چالیس روز پوری ہو جائیں تو پھر مرض کیواسطے ۲۱ بار
پڑھکر پھونکے خدا چاہے وہ مرض دفع ہو جاوے واسطے دیو و پری کے ۲۱ بار پڑھکر کڑوی تیل
پر دم کرکے بدن پر ملنا یا دم کرنا۔ واسطے مقہوری اعداء کے ۴۰ روز پرانی قبر پر بیٹھکر ۱۲ دفعہ پڑھنا اور
واسطے محبت کی جامہ حریر پر معہ نام عاشق و معشوق کے لکھکر بازو پر باندھنا اور واسطے جدائی کے خون
کبوتر سے لکھنا اور سات بار نمک پر پڑھکر سیاہ و آدمیوں کی ڈالنا یا مکان میں دفن کرنا مجرب ہے
اور چہلکاف کا ترجمہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کفاک ربک کم یکفیک و الفۃ کفکافہا کلبین کافی ہے تجھکو تیرا پروردگار
تیرا اکثر ہے کہ کفایت کرتا ہے تجھکو از روئے حادثہ کے کہ جھپکارا اسکا مانند جھٹکے شکار کرے کمان سے نکلکا تیر کرا
تکرار الکر فی کبد کہ تپتا ہے مانند لیٹنے رسی کے جگر میں تحکی ستکستکیہ کلکلک ملکا کفاک کی یا فی کفاک لکاف کرتا
کھینچنا ہے چھری تیر کو مانند اس شیر کی کہ پنجہ مار کافی ہے خاص کروہ جو میرے پاس ہے کفایت کرتا ہے
تجھکو باز رکھنے و الا اندوہ جگر کو یا کوکبا کان تحکی کوکب الفلکا ای ستارہ دل میرے کا کہ مشابہت رکھتا
ہے تو ساتھ ستارے آسمان کے روشنی میں ا۔ یا اختائیل عـ۲ یا رمولائیل عـ۳ جبرائیل عـ۴ یا کنکا
ئیل کہ جسکو چہلکاف مع موکلان پڑھنا منظور ہو موافق ہندسے کے بعد ہر کلمہ اسم موکل کو ضم کرے۔
دیگر چہلکاف کی ترکیب بھی اِسکے موافق ہے اور یہ بھی اکثر امراض کیواسطے مفید ہے وہ یہ ہے۔ قادر رب
قدر قضا فقیقر اتوال بقرقا صبح قرش بی فبعوش تجق فلاش انعطش القعقام القنافین فقر فربدی نقیش
بقبول نفر قیس النفرام قیا قوم بعوقہم افی قیعات لفقفقد فقعقد فقہ قطاطی قسیم فقشر یا قسوری
دیگر واسطے دفع بلائی وبا کے اسم مبارک کاغذ پر لکھکر دروازہ پر لگاوے خدا چاہے اس مکان پر ہرگز
وبا نہ آئے بسم اللہ الرحمن الرحیم لی خمسۃ اطفی بہا حرالوباء الحاطمۃ المصطفٰے والمرتضٰی وابناہما والفاطمۃ
الامان یا صاحب الزمان الحفیظ نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب کل ہم و غم سینجلی
بنبوتک یا محمد بولایتک یا علی یا علی یا علی دیگر واسطے زبان بندی کی ایک تاگا نابالغ لڑکی سے کتوا کر
اس پر سورہ یٰس تین بادم کرکے اور ہر ایک مبین پر ایک گرہ لگائے و ہر وقت گرہ دیوے کہ زبان
دانتوں میں ہے اور اس تاگے کو دشمن کے چوکھٹ میں دفن کرے انشاء اللہ دشمن کا منہ ہوگا الخفا
واسطے زبان بندی کے گیارہ سو بار روز کل پڑھے۔ اللّٰہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وہو
القوی العزیز دیگر۔ اس آیہ کو لکھکر پتھر کے نیچے دبائے فسیکفیکہم اللہ وہو السمیع العلیم صم بکم

عمی فہم لا یفقہون صم بکم فہم لا یفقہون دیگر خواب بندی کے بیان میں جب کسی دشمن یا دوست کا
خواب باندھنا منظور ہو تو یہ ترکیب کرے کہ اوّل سورہ ناس کی زکوٰۃ دے بعدہٗ رات کے وقت
ایک چھری زمین میں گاڑ دے اور سورہ ناس پڑھنی شروع کرے اور ہر لفظ ناس پر چھری کو
گاڑتا جائے جب چھری تمام و کمال زمین میں گھس جائے اُس وقت یہ آیت پڑھکر ختم کرے
انک میت و انہم میتون اور چھری کو تین روز سے زیادہ زمین میں نہ رکھے اور جو چاہے کہ
خواب چھری کو زمین سے نکالے اور سورہ نصر پڑھے الضاً واسطے خواب بندی کے سورۂ ایک
کاغذ پر لکھے اور میخ فولادی کو درمیان کاغذ کے رکھکر اوپر سے ٹھوکے کہ کاغذ زمین میں گھس جاوے
پھر سوراخ کو خاک چور لے سے بند کرے مجرب ہے سورہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم عقدت نوم فلاں بن فلاں
بحق الحمد للہ عقدت نوم فلاں بن فلاں بحق رب العالمین عقدت راسہ بحق الرحمن عقدت شعرہ بحق الرحیم
عقدت عینیہ بحق مالک یوم الدین عقدت اذنیہ بحق ایاک نعبد عقدت لسانہ بحق وایاک نستعین عقدت جبہتہ بحق اہد
نا الصراط المستقیم عقدت یدیہ بحق صراط الذین عقدت ظہرہ بحق انعمت علیہم عقدت ساقیہ بحق ولا الضالین
عقدت رجلیہ بحق آمین عقدت قرارہ و سکونہ باللہ بحکم اللہ عزوجل عقدت النوم فلاں بن فلاں علی الحب
فلاں بن فلاں دیگر عمل واسطے حاضر ہونے غائب کے سورہ فاتحہ درمیان سنت و فرض صبح کی اکیس بار
بار روز پڑھے اور جناب باری میں دعا مانگے ۱۲ دن نہ گذرنے پائیں گے کہ غائب حاضر ہو جائیگا
الضاً سورہ والضحیٰ بانیت گیارہ سو بار پڑھے بعد نماز مغرب کے ۱۲ دن تک۔ دیگر۔ چور معلوم کرنیکی ترکیب
جس کسی کا اسباب چوری ہو گیا ہو اور چور کا دریافت کرنا منظور ہو تو ایک کوری ہنڈی لیکر دو آدمی مقابل
بیٹھکر کلمہ کی انگلی سے پکڑیں اور جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو اُنکا نام ایک جدا جدا پرچہ پر لکھکر ہنڈی کو
بیچ میں ڈالدیں اور سورہ یٰسین من المکرمین تک پڑھیں پھر دوسرا نام ڈالیں اور سورہ یٰسین پڑھیں پھر تیسرا نام ڈالیں
اور سورہ یٰسین پڑھیں اسی طرح کل نام ڈالتے جائیں اور سورہ یٰس من المکرمین تک پڑھیں پس ان ناموں میں سے جو نام چور
کا ہوگا اُس نام پر ہنڈی پھر جائیگی۔ الضاً لطائف الحیل چور پکڑنیکی ترکیب جن لوگوں پر چوری کا گمان ہو اُن سب کو ایک جگہ
جمع کرے بعدہٗ عامل کو چاہیے کہ علیحدہ مکان میں گرچہ زمین لیپ کر ایک کونے میں ایک لکڑی کی کھونٹی گاڑے اور اُس پر قدرے ہینگ
اور انجگہ پر پڑھتا ہوا باہر آ جاوے تاکہ لوگوں کو بھی معلوم ہو کہ عمل کر کے باہر آ گیا ایک ایک آدمی کو علیحدہ حکم دیکر اُس
مکان میں جاوے جہاں کھونٹی گڑی ہوئی ہے اور کھونٹی پر ہاتھ لگا کر اپنا اپنا ہاتھ لگائے۔ پس جو۔

کوئی ان میں چور ہوگا اوسکا ہاتھ کھونٹے پر چپکا جائیگا یا ہاتھ میں کسی قسم کی بو پیدا ہو جاوے گی۔ اور جو کوئی
اس مکان میں جا کر واپس آوے اُسکا ہاتھ سونگھ لے جس کسی کے ہاتھ میں ہینگ کی بو ہووے وہ چور ہے کیونکہ چور
خوف سے ہاتھ نہیں لگاتا مدیگا۔ رہائی قیدی کیلئے یہ آیہ کاغذ پر لکھ کر قیدی کی ٹوپی یا پگڑی میں رکھے
خدا چاہے چھوٹ جائے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نصر من اللہ و فتح قریب و بشر المومنین
فاللہ خیر حافظا وہو ارحم الراحمین ایضاً جو کوئی قید ہو جائے اسکو چاہیے کہ اول و آخر درود پڑھکر یہ آیہ
۴۱ بار روز اپنی انگلیوں پر دم کر لیا کرے خدا چاہے فوراً رہائی پائے آیہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم
نصر من اللہ و فتح قریب و بشر المومنین۔ فاللہ خیر احافظا و کفا باللہ ہادیا و کفا باللہ نصیرا۔ دیگر دفع نظر بد
کیلئے یہ آیہ سات بار پڑھکر دم کرے ان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارہم لما سمعوا الذکر و یقولون انہ
لمجنون۔ ایضاً دفع نظر بد کیلئے یہ تعویذ گلے میں ڈالے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامۃ من
شر کل شیطان و ہامۃ و عین لامۃ تحصنت بحص الف الف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
ایضاً دفع ہونے اُم الصبیان کیلئے اس کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے وہ یہ ہے اعوذ باللہ
من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم یا بدوح یا غفور انہ من سلیمان بن داود یا اہیا اشراہیا فی السفر
خالداً مخلد و ماجد و اللہ فی کل شفا علیہم یا حافظ یا اللہ یا اللہ یا اللہ برحمتک یا ارحم الراحمین
دیگر ترکیب حاضرات بادشاہ جنات اول اس عزیمت کو شروع ماہ سے ۴۱ روز تک گیارہ سو بار روز
پڑھکر زکوۃ دے بعدہٗ جب کبھی حاضرات کرانی منظور ہو تو مرتبہ چنبیلی یا موتیا یا گلاب کے پھول پڑھکر آسیب
زدہ یا نابالغ بچہ کو سونگھاوے خدا چاہے اسی وقت بادشاہ جنات حاضر اور مرض کل حال بتائیگا اور اس سے
جو سوال چاہے اُسکا جواب معقول دیگا عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم عزمت علیکم و اقسمت یا
بادشاہ بکیتا نوش لکا لعرب و العجم ابو عمیہ ابو کراخوک حتما حتما حتما امیرا امیرا امیرا کنجولتہ کنجولتہ کنجولتہ اجب
بادشاہ بکیتا نوش بحق سلیمان بن داود بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ حاضر شو۔ حاضر شو حاضر شو۔ دیگر
واسطے گریہ اطفال یہ اسماء لکھکر لڑکے کے گلے میں ڈالے اور سات ورق پانی میں گھول کر پلاوے وہ اسماء یہ ہیں بسم اللہ
شافی بسم اللہ کافی بسم اللہ عافی بسم اللہ معافی بسم اللہ خیر الاسماء و بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئی فی الارض
ولا فی السماء وہو السمیع العلیم بحق و ننزل من القرآن ما ہو شفاء و رحمۃ للمومنین و لا یزید الظالمین الا خسارا۔ دیگر
سب مرضوں کیلئے مفید ہے۔ چاہیے کہ ایک مجلس ۶۰۲ دفعہ پڑھکر مریض پر دم کیا کرے

مرض پرانا بر طرف ہووے جو ہر روز ۵ بار پڑھے طلوع آفتاب سے اثر عظیم دیکھے اور اس دعا کو پانی میں
دہو کر پلاوے بحکم خدا شفا حاصل ہووے دعا یہ ہے الحمد ایک بار اور پھر ولکل وجہۃ ہو مولیہا فاستبقوا الخیرات
اینما تکونوا یات بکم اللہ جمیعا ان اللہ علی کل شیء قدیر وینصرکم علیہم ویشف صدور قوم مومنین ویذہب
غیظ قلوبہم یا ایہا الناس قد جاءتکم موعظۃ من ربکم وشفاء لما فی الصدور وہدی ورحمۃ للمومنین یخرج من
بطونہا شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس ان فی ذلک لآیۃ لقوم یتفکرون وننزل من القرآن ما ہو شفاء
ورحمۃ للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا کہیعص ذکر رحمۃ ربک عبدہ زکریا اذ نادی ربہ نداء خفیا و اذا
مرضت فہو یشفین قل ہو للذین آمنوا ہدی وشفاء دیگر واسطے دفع مرضوں کیلئے سورہ فاتحہ ۴۱ بار درمیان
سنت وفجر معہ بسم اللہ اور لام الحمد للہ کے پڑھے اور چار قل پڑھکر دم کرے۔ دیگر واسطے دفع مرض ہر طرح
کیلئے عنایت العارفین الحمد سہ بار آیۃ الکرسی یکبار کلمہ تمجید یکبار اور یہ رباعی ۳ بار یہ رباعی ایکہ در صفت
ذات تو حیران کہ ومہ؛ در ہر دو جہان خستہ درگاہ تو ہستند ہمہ؛ علت تو شناسی وشفا ہم تو دہی؛
یارب بتفضل خویش بستان ودہ؛ دیگر واسطے بیمار کی یہ رباعی اوپر سر بیمار کے پڑھے ۵ بار گردن بیمار
کی پر لکھکر باندھے بحکم شافی شفا پاوے رباعی۔ قلبی قلبی تقالبی لفانی؛ سری وخضری وستری عرفانی
فرعونی وکلمی وروحی؛ موسیٰ والعواتی ہامانی۔ ترکیب یہ ہے کہ یہ رباعی اکیلی نماز صبح یا ہر نماز کے بعد
اور ہر مریض کی کھڑا ہوکر ایکبار رباعی اور سات بار الحمد باتمام بسم اللہ پڑھکر دم کرے اور پھر رباعی مذکور کو ۴۱
بار دن پڑھکر اوپر سر وتن مریض کے دم کرے دیگر واسطے مرض و شفائے بیمار اور حصول مراد اور حاجت و دولت کے
لاکھ اور تین ہزار اور تین بار ساتھ ایک مجلس کے پڑھے جو نہ سکے بعد ہر نماز کی ستا عدد اس آیت کے مقرر کر کے پڑھے
کل مطلوب حاصل ہووے وہ آیت یہ ہے فاللہ خیر حافظا وہو ارحم الراحمین دیگر۔ واسطے محبت کے لاوے سات چیز اور
ہر ایک چیز کے جدا جدا پڑھے اور دم کرے سب کو جمع کر کے محبوب کو کھلاوے شیفتہ ہووے اول قند پر سورہ فاتحہ ۴۱
بار دوم نبات پر انا اعطینا ۴۱ بار سوم بادام پر اذا زلزلت الارض ۴۱ بار چہارم نارجیل پر لایلف ۴۱ بار پنجم چھوہارے پر
سورہ اخلاص ۴۱ بار ششم اوپر خرما کے والتین ۴۱ بار ہفتم کشمش پر الم نشرح ۴۱ بار لیکن یہ سب چیز ہم وزن
ہوں دیگر واسطے محبت کے ناخن اپنے جلاوے اور اسکے اوپر یہ آیت ستر بار پڑھے اور خاک کی جسطرح محبوب کو
کھلاوے فریفتہ ہو جاوے آیت یہ ہے انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم الا تعلوا علی واتونی مسلمین دیگر نماز حاجت واسطے
حاجات دارین کی جو وقت حضرت [illegible] اس ترکیب سے پڑھے کہ اول چار رکعت نماز کی حاجت کی نیت کرے

پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے قل اللھم مالک الملک بغیر حساب تک پڑھے اور ثانی رکعت میں انا اعطینا تیسری میں قل یا
یا چوتھی میں اخلاص اور سورہ پندرہ پندرہ بار پڑھے اور بعد سلام کے ۱۰ بار یہ دعا پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا
انت سبحانک انی کنت من الظالمین حسبنا اللہ ونعم الوکیل رب انی مسنی الضر انت ارحم الراحمین و افوض امری الی
اللہ ان اللہ بصیر بالعباد یا من لا یخفی علیہ الخبر برحمتک یا ارحم الراحمین الضاً حصول ولایت کیلئے ۵ یہ دعا یا اسم بلاناغہ
ہر روز پڑھے یا دائم العز والبقا یا واہب الجود والعطا یا ودود ذو العرش المجید فعال لما یرید اللھم انزل علینا مائدۃ
من السماء تکون لنا عیدا لاولنا وآخرنا وآیۃ منک وارزقنا وانت خیر الرازقین یا حمید الفعال ذو المن علی جمیع خلقہ
بلطفہ یا حمید دیگر واسطے بیماری کے اگر اصغر ہووے اور خفقان ہووے ان اسماء کو ہر روز پڑھے شفا پاوے مجرب ہے
یا حی یا قیوم یا حمید یا حفیظ یا حکیم یا حبیب یا حلیم یا حق ہر روز ۸۰ بار پڑھ کر دیکھے ۔ اور واسطے مرض سخت کے آٹھ سو بار پڑھ
